RISING SUN EDUCATION
& WELFARE SOCIETY

SPEECH AND LANGUAGE THERAPY DEPARTMENT

SPEECH AND LANGUAGE THERAPY GUIDELINES FOR PARENTS OF CHILDREN WITH AUTISUM

Rising Sun Institute for Special Children

محترم والدین !

کرونا وائرس وبا COVID 19 کی وجہ سے لاک ڈاؤن کی صورتِ حال ہے جس کی بنا پر اسکول بند ہیں۔چنانچہ آپ والدین اپنے بچوں کے ساتھ زیادہ وقت گزار سکتے ہیں اور اس وقت کو بچوں کے لیے مفید بنا سکتے ہیں ۔ آپ سے گذارش ہے کہ براہِ کرم جو تھراپی پلان آپ کے بچے کو اس کی/کے سپیچ تھراپسٹ نے فراہم کیے ہیں ان پر عمل درآمد کرائیں۔ بچے کو کام کراتے وقت اسکی پسند یا نا پسند کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہے تاکہ وہ توجہ اور خوشدلی سے سرگرمی کو جاری رکھ سکے۔

بچے میں بیٹھنے کی صلاحیت پیدا کرنے اور تین سمتی اشیاء/کھلونے (3-D Objects) سے اسکی

توجہ حاصل کریں۔ جیسا کہ رنگ ٹاور (Ring Tower) پزلز (Puzzles) وغیرہ

Rising Sun Institute for Special Children

ان سرگرمیوں کے دوران زبانی اشاروں (Verbal prompt) اور

فوری ردِ عمل (Immediate Feedback) سے بچے کی حوصلہ افزائی کریں۔

اپنے بچے کو (OWL) کے طریقے کی روشنی میں سکھائیں۔ جیسا کہ:

Observe: اس کے کھیل کے انداز کو غور سے دیکھیں۔

Wait: انتظار کریں۔

Listen: بچے کو غور سے سنیں۔

اور ان سرگرمیوں کا حصہ بنیں جن کو وہ شوق سے کر رہا ہے اور ان مواقعوں سے مستفید ہوتے ہوئے ان کو سکھائیں۔

Rising Sun Institute for Special Children

RISING SUN EDUCATION
& WELFARE SOCIETY

بچے میں اپنی باری کا انتظار کرنا (Turn Taking) اور مشترکہ توجہ (Joint Attention) کی صلاحیت کو اجاگر کرنے کے لیے بناوٹی کھیل (Pretend Play) (جیسا کہ گڑیا کو کھانا کھلانا، گڑیا کو پانی پلانا) کی مدد سے سکھائیں۔

Joint Attention:

بچے کا کھلونے سے کھیلتے وقت آپ کی طرف متوجہ ہونا اور غور کرنا کہ آپ کیا کہ رہے ہیں Joint Attention کہلاتا ہے۔

Rising Sun Institute for Special Children

بچے کو (Non-Verbal) یعنی غیر لفظی یا غیر زبانی حرکات کی نقل کرنا سکھائیں۔ ان حرکات میں (Gross Motor Skills) وہ حرکات جن میں تمام بدن کے اعضاء شامل ہوں۔ جیسا کہ تالی بجانا، بازو اوپر کرنا۔ علاوہ ازیں (Fine Motor Skills) وہ حرکات جن میں بدن کے چھوٹے پٹھے استعمال ہوں جیسا کہ پھونک مارنا، آنکھ کو انگلی لگانا، زبان کو منہ سے باہر نکالنا وغیرہ شامل ہیں۔

Rising Sun Institute for Special Children



بچے میں آپ کی بات سمجھنے، اور دی گئی ہدایت کو پورا کرنے کی صلاحیت پیدا کریں، جیسا کہ:

ادھر آؤ، بیٹھ جاؤ، دروازہ کھولو وغیرہ۔

Rising Sun Institute for Special Children

بچے کے الفاظ کے ذخائر کو مختلف سرگرمیوں اور اشیاء کے ذریعہ سے بڑھائیں۔ جیسا کہ

Action Picture Cards, Puzzles, Objects (3-D تین سمتی کھلونے)

جیسے جانور، گھر کی اشیاء کے نام یاد کرائیں۔

بچے سے سوال کریں کہ یہ کیا ہے؟ اور مسلسل زبانی اشارے سے (Verbal Prompt)

سے اس کی حوصلہ افزائی کرتے رہیں اور اس سے نام بلوائیں۔

Rising Sun Institute for Special Children

Action Verbs:

روز مرہ کے معمول اور کاموں کو کرنے کے لیے استعمال ہونے والے الفاظ کو

Action Verbs کہا جاتا ہے۔ جیسا کہ کھانا کھانا، کودنا یا چھلانگ لگانا، بھاگنا، وغیرہ۔

ان سب کاموں کو بچے کے کسی پسندیدہ کھلونے کے ساتھ منسلک کر کے عمل میں لائیں۔



بچے کو روز مرہ استعمال ہونے والے الفاظ سکھائیں جیسا کہ: زیادہ، میں، میرا، دو، بڑا، دیکھو، کھیلو، اور چاہیئے، پکڑو، ختم ہو گیا، چھلانگ لگاؤ، ٹھہر جاؤ، کھودو، رکو، شاباش، مدد کرو، گھر، کھانا، جا رہا ہوں وغیرہ۔

ان الفاظ کی ادائیگی کے ساتھ اس کا عملی مظاہرہ بھی کریں تا کہ بچے کو سیکھنے میں آسانی ہو۔

Rising Sun Institute for Special Children

بچے کو کھلونوں کی مدد سے مختلف تصورات واضح کریں۔ جیسا کہ: آگے پیچھے، اوپر نیچے، اندر باہر، وغیرہ۔





ضروری اطلاع براہِ والدین:

اپنے بچے کے ساتھ باہم رابطے اور بات چیت کے لیے زیادہ سے زیادہ مواقع اور وجوہات پیدا کریں۔

بچوں کو میٹھی اشیاء، کیک، بسکٹ، سوڈا بوتل، اور مصنوعی جوس وغیرہ دینے سے گریز کریں۔ یہ اشیاء آپ کے بچے کو غیر معمولی طور پر فعال (Hyperactive) کرتی ہیں۔

معمول کے حساب سے فعال آپ کا بچہ بہتر کارکردگی دکھا سکتا ہے۔

شکریہ۔

Rising Sun Institute for Special Children